تمام سنی مدارس اور جامعات المدینہ میں درس نظامی میں بہت ساری کتابیں پڑھائی جاتی ہیں کچھ کتابیں ایسی ہیں جو تمارین اور مشقوں پر مشتمل ہوتی ہیں جن کے حل سے سبق کافی حد تک ذہن میں محفوظ ہوجاتا ہے لیکن بہت ساری ایسی کتابیں بھی ہیں جن میں تمارین اور مشقیں نہیں ہیں اس لیے ارادہ کیا کہ جو کتابیں مشقوں سے خالی ہیں ان کے اسباق کو ششماہی اول ودوم میں تقسیم کرکے سوالات اس طرح بنائیں جائیں کہ طلبہ آسانی سے اسباق یاد کرسکیں اور یاد کرنے میں کوئی پریشانی نہ ہو اور سوالات اس طرح ہوں کہ پوری کتاب کو محیط ہوں تاکہ کتاب کا نقصان نہ ہو اس سلسلے کی ایک کڑی **درجہ خامسہ** میں پڑھائی جانے والی ایک بہت مشہور کتاب **تلخیص المفتاح** سے ششماہی اول کے اسباق کے سوالات **الباب الأول علم المعانی** سے پیش خدمت ہیں ان کے ذریعہ اسباق کو کم وقت میں یاد کرسکتے ہیں اور درسگاہ میں سن بھی سکتے ہیں۔

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف یوپی۔
خادم التدریس جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور
Mob no:Whatsapp:8057889427

**نوٹ**: سوالات کے جوابات ہاں یا نہیں میں مطلوب نہیں ہیں بلکہ کتاب کے موافق نفس مسئلہ کی وضاحت بھی ہو اور جہاں اختلافی مسئلہ ہو یا دلیل ہو تو اسے بھی ذکر کریں

## خطبہ

سوال:(۱)۔لفظ حمد اور کلمہ جلالت اللہ کی تعریف بیان کریں؟

سوال:(۲)۔مصنف علیہ الرحمۃ نے عَلَّمَ مِنَ الْبَيَانِ مَالَمْ نَعْلَمْ میں اَلْبَيَانِ کو مَالَمْ نَعْلَمْ پر مقدم کیوں کیا اگر مؤخر کرتے تو کیا خرابی لازم آتی؟

سوال؛(۳)۔لفظ صَلوۃ کا معنی بندوں وغیرہ کی طرف نسبت کے اعتبار سے کیا کیا ہوتا ہے؟

سوال:(۴)۔لفظ آل کی اصل بیان کریں نیز آل کا استعمال کن لوگوں کے لیے ہوتا ہے؟

سوال:(۵)۔علم بلاغت سے کون کون سے علوم مراد ہیں اور توابع سے کون سا علم مراد ہے؟

سوال:(۶)۔مفتاح العلوم کے مصنف کون ہیں اور وہ کتاب کتنے علوم پر مشتمل ہے؟

سوال:(۷)۔مفتاح العلوم کی ہر قسم کتنے علوم پر مشتمل ہے؟

سوال:(۸)۔مصنف علیہ الرحمہ نے کس قسم کی تلخیص کر کے تلخیص المفتاح لکھی ہے؟

سوال:(۹)۔مفتاح العلوم کتاب کتنی اور کون کونسی خوبیوں پر مشتمل ہے؟

سوال:(۱۰)۔مفتاح العلوم کی قسم ثالث کن کن عیوب پر مشتمل تھی؟

سوال:(۱۱)۔حشو، تطویل، تعقید، مثال، شاہد کی تعریف کریں؟

سوال:(۱۲)۔مثال اور شاہد کے درمیان کونسی نسبت ہے؟

## مقدمہ

سوال:(۱)۔فصاحت۔مفرد، متکلّم اور کلام میں سے کس کی صفت واقع ہوتا ہے؟

سوال:(۲)۔بلاغت کس کس کی صفت واقع ہوتی ہے؟

سوال:(۳)۔فصاحت فی المفرد کے لیے کتنے اور کون کون سے عیوب سے پاک ہونا ضروری ہے؟

سوال:(۴)۔تنافر،غرابت،اور مخالفت قیاس کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵)۔غَدَائِرُہٗ مُسْتَشْزِرَاتٌ إِلیٰ الْعُلیٰ ۔ فَاحِمًا مَرْسِنًا مُسَرَّجًا ۔کا ترجمہ کریں اور محل استشہاد بھی بیان کریں؟

سوال:(۶)۔فصاحت کلام کے لیے کتنی چیزوں سے پاک ہونا ضروری ہے؟

سوال:(۷)۔ضعف تالیف،تنافر کلمات اور تعقید کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۸)۔ وَمَا مِثْلُہٗ فِي النَّاسِ إِلَّا مُمَلَّکًا اَبُوْ أُمِّہٖ حَيٌّ یُقَارِبُہٗ اس شعر کا مفہوم بیان کریں نیز اس کا پس منظر بیان کرتے ہوئے یہ بیان کریں کہ تعقید کی کونسی قسم ہے؟

سوال:(۹)۔سَأَطْلُبُ بُعْدَ الدَّارِ عَنْکُمْ لِتَقْرُبُوا وَتَسْکُبُ عَيْنَايَ الدُّمُوْعَ لِتَجْمُدَ ۔درج ذیل شعر کی پوری تشریح کتاب کے موافق کریں؟

سوال:(۱۰)۔بلاغت کلام اور بلاغت متکلّم کی تعریف بیان کریں؟

سوال:(۱۱)۔کلام کے مقامات ایک دوسرے سے کیسے مختلف ہوتے ہیں مثال کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۱۲)۔کوئی بھی کلام کب عمدہ اور کب خراب ہوتا ہے؟

سوال:(۱۳)۔بلاغت کے کتنے طرف یعنی مراتب ہیں کتنے مقبول اور کتنے غیر مقبول ہیں؟

سوال:(۱۴)۔فصاحت اور بلاغت کے درمیان کونسی نسبت ہے کیا ہر فصیح بلیغ ہوتا ہے؟

سوال:(۱۵)۔علم بلاغت کتنی چیزوں کی معرفت پر موقوف ہے؟

## الفن الأول علم المعانی

سوال:(۱)۔علم معانی کو علم بیان پر مقدم کیوں فرمایا؟

سوال:(۲)۔علم معانی کی تعریف بیان کریں؟

سوال:(۳)۔علم معانی کے کتنے ابواب ہیں اور کون کون سے ہیں؟
سوال:(۴)۔علم معانی کے آٹھ ابواب پر مشتمل ہونے کی دلیل حصر بیان کریں؟
سوال:(۵)۔جمہور کے نزدیک خبر صادق اور کاذب کی تعریف بیان کریں؟
سوال:(۶)۔خبر کے صادق اور کاذب ہونے کے متعلق نظام معتزلی اور جاحظ کا قول بیان کریں؟
سوال:(۷)۔نظام معتزلی اور جاحظ کے اقوال اور ان کا رد کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

## احوال الإسناد الخبری

سوال:(۱)مخبر کے اپنی خبر سے مخاطب کو فائدہ دینے کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں اور کون کون سی ہیں؟
سوال:(۲)۔خبر کے تاکید پر مشتمل ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے کتنی قسمیں ہیں، تعریف اور مثال بھی بیان کریں؟
سوال:(۳)۔غیر سائل کو سائل کے درجے میں اتار کر کلام کرنے کی مثال وضاحت کے ساتھ بیان کریں؟
سوال:(۴)۔غیر منکر کو منکر کے درجہ میں اتارنا، منکر کو غیر منکر کے درجہ میں اتارنا مع مثال بیان کریں؟
سوال:(۵)۔حقیقت عقلیہ کی تعریف مع مثال بیان کریں؟
سوال:(۶)۔حقیقت عقلیہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں تعریف اور مثال کے ساتھ بیان کریں؟
سوال:(۷)۔مجاز عقلی کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۸)۔درجہ ذیل مثالوں "عِيْشَةٌ رَاضِيَةٌ. سَيْلٌ مُفْعَمٌ، شِعْرٌ شَاعِرٌ، نَهَارُهُ صَائِمٌ، نَهْرٌ جَارٍ، بَنَى الأَمِيْرُ الْمَدِيْنَةَ "میں مجاز عقلی کی وضاحت کریں؟

سوال:(۹)۔"أَشَابَ الصَّغِيْرَ وَأَفْنَى الْكَبِيْرَ كَرُّ الْغَدَاةِ وَمَرُّ الْعَشِيِّ "اس شعر کا ترجمہ کریں اور یہ بتائیں کہ اس شعر میں مجاز عقلی ہے یا حقیقت عقلی؟

سوال:(۱۰)۔مَيَّزَ عَنْهُ قُنْزُعًا عَنْ قُنْزُعًا الخ یہ شعر مکمل کرکے وضاحت کریں؟

سوال:(۱۱)۔طرفین کے اعتبار سے مجاز عقلی کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۲)۔اپنی کتاب میں موجود قرآن پاک کی آیتوں میں مجاز عقلی کی وضاحت کریں؟

سوال:(۱۳)۔کیا مجاز عقلی صرف جملہ خبریہ کے ساتھ خاص ہے یا جملہ انشائیہ میں بھی ہوتا ہے اگر شق ثانی منظور ہے تو مثال بھی دیں؟

سوال:(۱۴)۔کیا مجاز عقلی کے لیے قرینہ ضروری ہے ،قرینے کتنی طرح کے ہوتے ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۵)۔مجاز عقلی کی معرفت کا طریقہ کیا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۶)۔استعارہ مکنیہ اور استعارہ تخییلیہ کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔سکاکی کا مجاز عقلی کے متعلق کیا قول ہے پوری بحث کتاب کی روشنی میں سپرد قرطاس کریں؟

## احوال المسند الیہ

سوال:(۱)۔مسند الیہ کے ذکر کے دواعی مثالوں کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۲)۔مسند الیہ کے حذف کے دواعی مثالوں کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۳)۔مسند الیہ کو ضمیر کی صورت میں معرفہ لانے کے فوائد بیان کریں؟

سوال:(۴)۔ کیا خطاب کو کبھی عام بھی کر دیا جاتا ہے اگر ایسا ہے تو کیوں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵)۔ مسند الیہ کو عَلَم کی صورت میں معرفہ لانے کے فوائد بیان کریں؟

سوال:(٦۔ عَلَم کو لانے کے فوائد میں بعینہِ ابتداءً باسمٍ خاصٍّ کی وضاحت کریں؟

سوال:(۷)۔ مسند الیہ کو بصورت اسم موصول لانے کے فوائد بیان کریں؟

سوال:(۸)۔ مسند الیہ کو بصورت اسمِ اشارہ لانے کے فوائد مثالوں کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۹)۔ الف لام عہد خارجی، الف لام جنسی، الف لام عہد ذہنی، الف لام استغراقی حقیقی، الف لام استغراقی عرفی کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۰)۔ کیا الف لام داخل ہونے کے بعد کوئی کلمہ نکرہ کے حکم میں رہتا ہے وضاحت کریں؟

سوال:(۱۱)۔ مفرد کا استغراق زیادہ ہوتا ہے یا تثنیہ اور جمع کا مثالوں سے وضاحت کریں؟

سوال:(۱۲)۔ مفرد وحدت پر دلالت کرتا ہے اور الف لام استغراقی تعدد پر دلالت کرتا ہے جب مفرد پر الف لام داخل کیا جائے تو مفرد کا واحد اور متعدّد ہونا لازم آتا ہے اعتراض وجواب کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۳)۔ مسند الیہ کو بصورتِ معرفہ کن کن فائدوں کے لیے لایا جاتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۴)۔ مسند الیہ کو بصورت نکرہ لانے کے فوائد مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۵)۔ مسند الیہ کی صفت کن کن فائدوں کے لیے لاتے ہیں؟

سوال:(۱۶)۔ مسند الیہ کی تاکید لانے کے فوائد مثالوں کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔ مسند الیہ پر ایک دوسرے اسم کے عطف کرنے فوائد ذکر کریں؟

سوال:(۱۸)۔ مسند الیہ کے بعد ضمیر فصل لانے کے فوائد کیا ہیں؟

سوال:(۱۹)۔مسند الیہ کی مسند پر تقدیم کے فوائد مثالوں کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۲۰)۔جب مسند الیہ حرف نفی کے بعد واقع ہو تو عبد القاہر کا کیا موقف ہے؟

سوال:(۲۱)۔جب مسند الیہ سے حرف نفی متّصل نہ ہو تو اس وقت مسند الیہ کس لیے آتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۲)۔اسمِ نکرہ جب مسند الیہ ہو اور مقدم ہو تو اس کی تقدیم کے فوائد کیا ہیں؟

سوال:(۲۳)۔مسند الیہ کی تقدیم کے متعلق سکاکی کا مذہب کیا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۴)۔واسْتَثْنَى المَنَكَّرَ بِجَعَلِهِ مِنْ بَابِ وَاَسَرُّو النَجْوَي الَّذِيْنَ ظَلَمُوا۔اس عبارت سے سکاکی کی کیا مراد ہے بیان کریں؟

سوال:(۲۵)۔شَرٌّ أَهَرَّ ذَانَابٍ میں شَرٌّ کو مبتدا بنانا درست ہے یا نہیں اگر درست ہے تو پھر سکاکی کا کیا موقف ہے پوری بحث کتاب کے موافق لکھیں؟

سوال:(۲۶)۔سکاکی نے کہا کہ معنوی فاعل کو مقدم کر سکتے ہیں لفظی فاعل کو نہیں کر سکتے مصنف علیہ الرحمۃ کا اس پر کیا موقف ہے؟

سوال:(۲۷)۔ رَجُلٌ جَاءَنِي میں اگر رَجُلٌ کو مؤخر فرض نہ کیا جائے تو کیا تخصیص نہیں پائی جائے گی اور وجہ تخصیص کیا ہو سکتی ہے؟

سوال:(۲۸)۔علماء نحو کے نزدیک شَرٌّ اَهَرَّ ذَانَابٍ میں کس اعتبار سے تخصیص ہے؟

سوال:(۲۹)۔وَ يَقْرُبُ مِنْ هُوَ قَامَ زَ يْدٌ قَائِمٌ اپنی کتاب کے موافق وضاحت کریں؟

سوال:(۳۰)۔مِثْلُكَ لَا يَبْخَلُ وَغَيْرُكَ لَا يَجُوْدُ میں کس اعتبار سے تخصیص پائی جاتی ہے؟

سوال:(۳۱)۔كُلُّ اِنْسَانٍ لَمْ يَقُمْ،اور لَمْ يَقُمْ كُلُّ اِنْسَانٍ پہلی مثال میں سلب عموم ہے یا عموم سلب اسی طرح دوسری مثال میں، نیز عموم سلب اور سلب عموم کا معنی واضح کریں؟

سوال:(۳۲)۔لَمْ یَقُمْ کُلُّ اِنْسانٍ میں اگر ہر فرد سے نفی مراد لیں تو سکاکی کے نزدیک کیا خرابی ہے؟

سوال:(۳۳)۔لَمْ یَقُمْ اِنْسَانٌ یہ جملہ سکاکی کے نزدیک سالبہ کلیہ ہے یا سالبہ مہملہ اور مہملہ کا مطلب کیا ہے؟

سوال:(۳۴)۔وفِیْهِ نَظْرٌ لِأَنَّ النَفْيِ عَنِ الْجَمْلَةِ فِي الصُّوْرَةِ الأُوْلىٰ وَعَنْ كُلِّ فَرْدٍ فِي الثَّانِيْهِ آخر تک اس طرح وضاحت کریں کہ سکاکی کا نظریہ باطل ہو جائے؟

سوال:( ۳۵)۔شیخ عبد القاہر کے نزدیک اگر لفظ کُل تحت نفی واقع ہو اور اس طور پر ہو کہ وہ حرف نفی سے مؤخر ہو یا فعل منفی کا معمول ہو تو وہ کس چیز کا فائدہ دیتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳٦)۔وَاللهُ لَا یُحِبُّ کُلَّ کَفَّارٍ اَثِیْمٍ اس مثال میں لفظ کُل تحت نفی ہے تو اگر یہاں مجموعہ سے نفی مراد لیں تو کیا خرابی ہے؟

سوال:(۳۷)۔اگر لفظ کُل تحت نفی نہ ہو اور نہ فعل منفی کا معمول ہو تو کس چیز کا فائدہ دیتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۸)۔کبھی کلام مقتضی ظاہر کے خلاف آتا ہے اور ضمیر کو اسم ظاہر کی جگہ لایا جاتا ہے مثال پیش کریں اور اس کا فائدہ بھی بیان کریں؟

سوال:(۳۹)۔اسم ظاہر کو بصورت اسم اشارہ ضمیر کی جگہ کن کن فائدوں کے لیے لایا جاتا ہے ہر ایک کی مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۰)۔اگر ضمیر کی جگہ اسم ظاہر کو بصورت علم لایا جائے تو اس کے کیا فوائد ہیں ہر ایک کی مثال ترتیب وار بیان کریں؟

سوال:(۴۱)۔التفات کی تعریف کیا ہے نیز التفات کی کتنی اور کون کونسی صورتیں ہیں؟

سوال:(۴۲)۔علماء معانی کے التفات اور سکاکی کے التفات میں کونسی نسبت ہے؟

سوال:(۴۳)۔اپنی کتاب کے مطابق التفات کی تمام صورتیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۴)۔التفات کا فائدہ کیا ہے؟

سوال:(۴۵)۔سورۃ فاتحہ کے اندر التفات کے محاسن اور خوبیاں بیان کریں؟

سوال:(۴۶)۔مقتضی ظاہر کے خلاف کلام لانا یعنی مخاطب کی مراد کے خلاف اس کے کلام کو محمول کرنا اپنی کتاب کے موافق مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۷)۔کبھی سائل کو اس کے سوال کے بر خلاف جواب دیا جاتا ہے اس کا فائدہ کیا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۸)۔کبھی مستقبل کی تعبیر ماضی، اسم فاعل اور اسم مفعول سے کی جاتی ہے اس کا فائدہ کیا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۹)۔قلب کی تعریف کیا ہے؟

سوال:(۵۰)۔قلب کے مقبول اور عدم مقبول کے متعلق کتنے اقوال ہیں ان میں راجح کون ہے؟

سوال:(۵۱)۔قلب کے اعتبار لطیف کو شامل ہونے کی مثال بیان کریں؟

## احوال المسند

سوال:(۱)۔مسند کی تعریف کریں؟

سوال:(۲)۔مسند کے ترک کی مثالیں مع ترجمہ اپنی کتاب سے وضاحت کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۳)۔مسند کو جب حذف کیا جائے تو اس پر کوئی قرینہ ہوتا ہے کلام یا تو سوال محقق کا جواب ہوگا یا مقدر کا جواب ہوگا اس سوال کا جواب مثالوں کے ساتھ کتاب کی روشنی میں واضح کریں؟

سوال:(۴)۔مسند کو کلام میں کن فوائد کے لیے ذکر کیا جاتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵)۔مسند کو مفرد لانا کن فوائد کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۶)۔مسند کو فعل لانا کن فوائد کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۷)۔مسند جب اسم ہو تو اس کا کیا فائدہ ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال(۸)۔فعل یا شبہ فعل کو مفاعیل سے مقید کرنا کس فائدے کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۹)۔کَانَ زَ یْدٌ مُنْطَلِقًا میں کَانَ مقید ہے یا مُنْطَلِقًا وضاحت کریں؟

سوال:(۱۰)۔فعل کو مقید نہ کرنے کے موانع کیا ہیں بیان کریں؟

سوال:(۱۱)۔اِنْ اور اِذَا کے درمیان استعمال کے اعتبار سے کیا فرق ہے مثالوں کے ساتھ کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۲)۔اِنْ کا حقیقی استعمال یہ ہے کہ وہ غیر یقینی مقام پر استعمال ہوتا ہے لیکن کبھی یقین کے طور پر بھی ہوتا ہے مثال کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۱۳)۔ان کے استعمال کے مواقع اور کیا ہوسکتے ہیں مثالوں سے بیان کریں؟

سوال:(۱۴)۔کَانَتْ مِنَ الْقَانِتِیْنَ ،بَلْ أَنْتُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ان مثالوں سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

سوال:(۱۵)۔اِنْ کے ساتھ مستقبل کا استعمال ہوتا ہے اگر اِنْ کے ساتھ ماضی کا استعمال کیا جائے تو اس کے فوائد کیا ہوسکتے ہیں مثالوں کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۱۶)۔تعریض کی تعریف اور مثال پیش کریں؟

سوال:(۱۷)۔وَمَالِي لَا اَعْبُدُ الَّذِي فَطَرَنِي میں تعریض کیسے ہے؟

سوال:(۱۸)۔وَمَالِي لَا اَعْبُدُ الَّذِي الخ میں تعریض کے حسن ہونے کی وجہ پوری وضاحت کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۱۹)۔لَوْ کا دخول حقیقت کے اعتبار سے ماضی پر ہوتا ہے یا مضارع پر؟

سوال:(۲۰)۔لَوْ کے ساتھ جملہ فعلیہ مضارع استعمال ہوتا ہے یا ماضی؟

سوال:(۲۱)۔اگر لَوْ کا دخول مضارع پر ہو تو اس کا کیا فائدہ ہوتا ہے مثال سے بیان کریں؟

سوال:(۲۲)۔اَللّٰہُ یَسْتَھْزِئُ بِھِمْ میں مُسْتَھْزِئٌ بِھِمْ اسم فاعل سے مضارع کی طرف عدول کیوں کیا گیا؟

سوال:(۲۳)۔ وَلَوْ تَرٰي اِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّار، رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُو، فَتُثِيْرُ سَحَابًا ان مثالوں کی کتاب کی روشنی میں وضاحت کریں؟

سوال:(۲۴)۔مسند کو نکرہ لانے کے فوائد کیا کیا ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۵)۔مسند کو اضافت اور مرکب توصیفی کی صورت میں لانے کے فوائد مثال کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۲۶)۔مسند کو معرفہ لانے کے فوائد مثالوں سے واضح کریں؟

سوال:(۲۷)۔کبھی مسند جنس کے قصر اور مبالغہ کے لیے بھی آتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۸)۔کیا اسم ابتدا کے لیے اور صفت خبر کے لیے متعیّن ہے کیا صفت ابتدا کے لیے نہیں ہو سکتی؟

سوال:(۲۹)۔مسند کو جملہ لانا کن فوائد کے لیے ہوتا ہے مثالوں سے واضح کریں؟

سوال:(۳۰)۔مسند کو اسم ،فعل ،شرط اور ظرف کی صورت میں لانا کن فوائد کے لیے ہوتا ہے مثالوں سے واضح کریں؟

سوال:(۳۱)۔مسند کو مسند الیہ سے مؤخر کیوں کرتے ہیں مثال سے بیان کریں؟

سوال:(۳۲)۔مسند کو مسند الیہ پر کن فوائد کے لیے مقدم کرتے ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۳)۔لَا رَیْبَ فِیْہِ میں لَا فِیْہِ رَیْبَ کیوں نہیں کہا حالاں کہ ظرف مقدم ہوتا ہے؟

سوال:(۳۵)۔جو احوال مسند اور مسند الیہ میں ذکر کیے مثلًا ،ذکر ،حذف ، تقدیم ،تاخیر ،تعریف ،تنکیر ،ابدال ،تاکید عطف وغیرہ ،یہ سب انھیں دو بابوں کے ساتھ خاص ہیں یا ان کے علاوہ میں بھی پائے جاتے ہیں ،اگر پائے جاتے ہیں تو کچھ مثالیں بھی پیش کریں؟

## احوال متعلقات الفعل

سوال:(۱)۔اس باب میں فعل متعدّی کے معمولات کے کتنے مقاصد ہیں؟

سوال:(۲)۔فعل متعدّی کے ساتھ مفعول کے ذکر کا اصل مقصد کیا ہے؟

سوال:(۳)۔فعل متعدّی کا استعمال ہو اور مفعول نہ موجود ہو اور نہ مقدر تو اس وقت کیا فائدہ ہوتا ہے؟

سوال:(۴)۔فعل متعدّی کو لازم کے درجے میں اتاریں تو اس کی کتنی قسمیں ہیں مثال کے ساتھ واضح کریں؟

سوال:(۵)۔اگر غرض یہ ہو کہ نہ فعل کو فاعل کے لیے ثابت کیا جائے اور نہ نفی کی جائے تو اس وقت کیا حکم ہے؟

سوال:(٦)۔مفعول کو حذف کن فوائد کے لیے کرتے ہیں اور حذف کی شرط کیا ہے مثال سے بیان کریں؟

سوال:(٧)۔وَلَوْ شِئْتُ أَنْ أَبْكِي دَمًا لَبَكَيْتُهُ ،فلَمْ يُبْقِ مِنِّي الشَّوْقُ غَيْرَ تَفْكِيْرِي فَلَوْ شِئْتُ أَنْ أَبْكِيَ بَكَيْتُ تَفَكُّرًا ان دونوں شعروں میں محل استشهاد ترجمہ اور وضاحت مطلوب ہے؟

سوال:(٨)۔كَمْ ذُدْتَ عَنِّي مِنْ تَحَامُلِ حَادِثٍ وَسَوْرَةِ أَيَّامٍ حَزَزْنَ إِلَى الْعَظْمِ .اس شعر کا ترجمہ کریں اور محل استشہاد بھی بیان کریں؟

سوال:(٩)۔قَدْ طَلَبْنَا فَلَمْ نجِدْ لَكَ فِي السُّوْدَدِ وَالمَجْدِ وَالمَكَارِمِ مِثْلًا ،اس شعر کا ترجمہ کریں اور کتاب کے موافق وضاحت کریں؟

سوال:(١٠)۔مفعول کو کہاں کہاں حذف کرتے ہیں صرف ان مقامات کے نام شمار کرائیں؟

سوال:(١١)۔مفعول وغیرہ کو مقدم کرنے کی مثال مع وجہ بیان کریں؟

سوال:(١٢)۔جب مفعول کو مقدم کریں تو اس کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ مفعول کی تعیین میں غلطی تھی وہ درست ہوگئی تو کیا مَازَ يْدًا ضَرَيْتُ وَلَا غَيْرَهُ .مَازَ يْدًا ضَرَبْتُ وَلْكِنْ اَكْرَمْتُهُ جیسی مثالیں درست ہیں یا غلط؟

سوال:(١٣)۔زَ يْدً عَرَفْتُهُ میں تاکید اور تخصیص کے پہلو اجاگر کریں؟

سوال:(١٤)۔جب مفعول مقدم ہو تو تخصیص ہوتی ہے اگر فعل مقدم ہو جائے تو تاکید اور تخصیص دونوں ہو جاتی ہیں جبکہ مفسر مفعول پر مقدم ہو جیسے عَرَفْتُ زَ يْدًا عَرَفْتُهُ تو یہ تاکید اور تخصیص دونوں ہوں گی لیکن مفسر اگر مفعول کے بعد ہو جیسے زَ يْدًا عَرَفْتُ عَرَفْتُهُ تو یہ صرف تخصیص ہوگی،اب سوال یہ ہے کہ اَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنَاهُمْ میں اگر ثَمُوْدَ نصب کے

ساتھ پڑھاجائے توصرف تخصیص ہوگی اور عبارت یوں ہوگی اَمَّا ثَمُوْدَ فَهَدَيْنَا فَهَدَيْنَاهُمْ ۔لیکن تاکید کیوں نہیں ہوگی وجہ بیان کریں؟

سوال:(۱۵)۔کیا تقدیم جہاں بھی پائی جائے وہاں تخصیص ہوگی مثالوں سے واضح کریں؟

سوال:(۱۶)۔کیا تقدیم سے تخصیص کے علاوہ بھی اور کوئی فائدہ ہوتا ہے؟

سوال:(۱۷)۔بِسْمِ اللهِ میں فعل کو مؤخر کیوں فرض کیا گیا؟

سوال:(۱۸)۔اِقْرَأْ بِسْمِ رَبِّكَ میں فعل کلمہ جلالت پر مقدم کیوں ہے کتاب کے موافق جواب دیں؟

سوال:(۱۹)۔فعل کے بعض معمولات بعض پر مقدم ہوتے ہیں مثالوں سے واضح کریں؟

سوال:(۲۰)۔قَتَلَ الْخَارِجِيُّ فُلَانٌ۔اس مثال میں فعل کے معمول مفعول کو فاعل پر مقدم کیوں کیا؟

سوال:(۲۱)۔وَقَالَ رَجُلٌ مُؤْمِنٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ إِيْمَانَهُ اس آیت کی وضاحت کریں یہاں مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ کو يَكْتُمُ اِيْمَانَهُ سے مؤخر کیوں نہیں کیا؟

سوال:(۲۲)۔فَاَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيْفَةً مُوْسىٰ اس آیت میں جار مجرور،اور مفعول کو مُوْسىٰ فاعل پر مقدم کیوں کیا واضح کریں؟

## قصر کا بیان

سوال:(۱)۔قصر کی تعریف بیان کریں؟

سوال:(۲)۔اولاً قصر کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال:(۳)۔قصر الموصوف على الصفة ،قصر الصفة على الصفة حقیقی سے کیا مراد ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۴)۔کبھی قصر الصفۃ علی الموصوف حقیقی سے مبالغہ کیوں کیا جاتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵)۔قصر الموصوف علی الصفۃ، قصر الصفۃ علی الموصوف غیر حقیقی کی تعریف کرتے ہوئے اس کی اقسام بیان کریں؟

سوال:(۶)۔قصر الموصوف علی الصفۃ وقصر الصفۃ علی الموصوف غیر حقیقی کی پہلی قسم سے کسے خطاب کرتے ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۷)۔اور اس کی دوسری قسم سے کسے خطاب کرتے ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۸)۔قصر افراد، قصر قلبًا اور تساوی کی مثالوں کے ذریعہ وضاحت کریں؟

سوال:(۹)۔قصر الموصوف علی الصفۃ افرادًا کی کیا شرط ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۰)۔قصر الموصوف قلبًا کی کیا شرط ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۱)۔قصر تعیین سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

سوال:(۱۲)۔آپ کی کتاب میں قصر کے کتنے طریقے ہیں ہر ایک کے نام مثالوں کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۱۳)۔اِنَّمَا قَائِمٌ زَ یْدٌ میں قصر الصفۃ افرادًا اور قلبًا کتنے طریقوں سے مَا اور اِلَّا کے معنی کو متضمن ہے مفسرین کے قول، نحوی حضرات کے قول، اور فرزدق شاعر کے شعر سے ثابت کریں؟

سوال:(۱۴)۔یہ چاروں طرق کس چیز کا فائدہ دینے میں متحد ہیں؟

سوال:(۱۵)۔تقدیم کی دلالت کس چیز سے اور اس کے علاوہ کی دلالت کس چیز سے سمجھی جاتی ہے؟

سوال:(۱۶)۔ان چاروں طریقوں میں سے کس میں مثبت اور منفی ہونے پر صراحت ہوتی ہے اور کتنوں میں صرف مثبت پر صراحت ہوتی ہے مثال اور نام کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔لائے نفی قصر کے کس طریقے کے ساتھ جمع نہیں ہوتا ہے اور کن کے ساتھ جمع ہوجاتا ہے اور کیوں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۸)۔سکاکی اور عبد القاہر کا لائے نفی کے اِنّما کے ساتھ جمع ہونے میں کیا اختلاف ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۹)۔نفی استثناء اور اِنَّمَا کا استعمال کس طرح کے مخاطب کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۰)۔کبھی معلوم کو مجہول کے درجہ میں اتار لیا جاتا ہے تو اس کے لیے نفی اور استثناء کا استعمال افراداً اور قلباً کیوں کرتے ہیں جبکہ ان کا استعمال مجہول کے لیے ہوتا ہے کتاب کی روشنی میں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۱)۔باب مجاراۃ الخصم سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

سوال:(۲۲)۔کبھی مجہول کو معلوم کے درجے میں اتار لیا جاتا ہے اور اس کے لیے لفظ اِنّما کا استعمال کرتے ہیں اس کا مقصد مثال کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۲۳)۔اِنَّمَا کی عطف پر کیا فضیلت ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۴)۔اِنَّمَا کا استعمال تعریض کے لیے بھی ہوتا ہے تعریض کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۵)۔کیا قصر مبتدا اور خبر کے درمیان ہوتا ہے یا اس کے علاوہ باقی کے لیے بھی ہوتا ہے اگر ہوتا ہے تو ان کی مثالیں پیش کریں؟

سوال:(۲۶)۔استثناء کی صورت میں مقصور علیہ اور حرف استثناء مقدم ہوتے ہیں یا مؤخر مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۷)جب مقصور علیہ اور حرف استثناء مؤخر ہوتے ہیں اگر ان کو مقدم کردیں تو کیا خرابی ہے؟

سوال:(۲۸)۔استثناء مفرغ کسے کہتے ہیں اور اس کی نفی کا تعلق کس سے ہوتا ہے مع مثال وضاحت کریں؟

سوال:(۲۹)۔لفظ اِنَّمَا میں مقصور علیہ مقدم ہوتا ہے یا مؤخر اگر مؤخر ہوتا ہے تو مقدم کرنے میں کیا خرابی ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۰)۔لفظ غیر کتنی چیزوں میں اِلّا کے مشابہ ہے مع مثال بیان کریں؟

## انشاء کا بیان

سوال(۱)۔انشاء کی تعریف کریں اور اس کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں۔

سوال(۲)۔انشاء طلبی کی تعریف مع مثال بیان کرے؟

سوال(۳)۔انشاء غیر طلبی کی تعریف اور مثال بھی بیان کریں؟

سوال(۴)۔انشاء طلبی کی آپ کی کتابیں میں کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں۔

**سوال(۵)۔** **تمنّی** کسے کہتے ہیں اور اس کے لیے کس حرف کا استعمال ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال(۶)۔تمنّی اور ترجّی میں کیا فرق ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال(۷)۔کیا لَیْتَ کے علاوہ اور دوسرے حروف کا استعمال بھی تمنّی کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال(۸)۔**هَلْ** وغیرہ کا تمنّی میں استعمال حقیقی ہے یا مجازی؟

سوال(۹)۔لَوْ کا حقیقی استعمال کس کے لیے ہوتا ہے اگر لَوْ تمنّی کی لیے استعمال ہو تو کیسے پہچانیں گے مع مثال بیان کریں؟

سوال(۱۰)۔سکاکی کن حروف کو تمنّی میں شمار کرتے ہیں اور کیوں؟

سوال(۱۱)۔هَلْ اور لَوْ سے کتنے حروف بنتے ہیں اور کون کونسے مع مثال بیان کریں؟

سوال(۱۲)۔هَلْ وغیرہ کا استعمال ماضی میں ہو تو کیا معنٰی ہوتا ہے اور مضارع میں ہو تو کیا معنٰی ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال(۱۳)۔کیا لَعَلَّ کا استعمال بھی تمنّی کے لیے بھی ہوتا ہے اگر ہوتا ہے تو کیوں؟

سوال(۱۴)۔لَعَلَّ کا استعمال اگر تمنّی کے لیے ہو تو پہچاننے کا طریقہ کیا ہے؟

سوال:(۱۵)۔استفہام کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۶)۔استفہام کے لیے کتنے اور کون کون سے الفاظ ہیں؟

سوال:(۱۷)۔الفاظ استفہام میں سے کس کا استعمال تصور و تصدیق کے لیے اور کس کا استعمال صرف تصدیق کے لیے اور کن کا استعمال صرف تصور کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۱۸)۔مسئول عنہ،کون کون ہو سکتا ہے اور انہیں جملہ میں کس مقام پر رکھا جاتا ہے ہر ایک کو مثال سے واضح کریں؟

سوال:(۱۹)۔هَلْ زَيْدٌ قَائِمٌ أَمْ عَمْرٌو ،هَلْ زَيْدًا ضَرَبْتَ یہ دونوں مثالیں درست ہیں یا نہیں اگر درست نہیں تو ان کی وجہ بھی بیان کریں؟

سوال:(۲۰)۔هَلْ زَيْدٌ ضَرَبْتَهُ اس مثال کے درست ہونے کی وجہ بیان کریں؟

سوال:(۲۱)۔سکاکی کے نزدیک هَلْ رَجُلٌ عُرِفَ یہ مثال قبیح کیوں ہے؟

سوال:(۲۲)۔هَلْ زَیْدٌ عُرِفَ یہ مثال درست کیوں ہے؟

سوال:(۲۳)۔علماے نحاۃ کے نزدیک هَلْ رَجُلٌ عُرِفَ ،هلْ زَیْدٌ عُرِفَ یہ دونوں مثالیں قبیح کیوں ہیں پوری تفصیل کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۴)۔فَهَلْ اَنْتُمْ شَاكِرُوْنَ یہ مثال فَهَلْ تَشْكُرُوْنَ، فَهَلْ اَنْتُمْ تَشْكُرُوْنَ سے طلب شکر پر کیسے دلالت کرتی ہے اور کیوں؟

سوال:(۲۵)۔فَهَلْ اَنْتُمْ شَاكِرُوْنَ أَفَأَنْتُمْ شَاكِرُوْنَ سے زیادہ دلالت کیوں کرتا ہے ؟

سوال:(۲۶)۔هَلْ زَیْدٌ مُنْطَلِقٌ اگر کوئی بلیغ انسان کہے توحسن کیوں ہے اگر غیر بلیغ کہے تو غیرحسن کیوں؟

سوال:(۲۷)۔هَلْ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں تعریف اور مثال کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۲۸)۔مَا کا استعمال کن فوائد کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۲۹)۔وَتَقَعُ هَلْ البَسِیْطَةُ فِي التَّرْتِیْبِ بَیْنَهُمَا اس عبارت کی وضاحت کریں؟

سوال:(۳۰)۔مَنْ کا استعمال کس فائدے کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۱)۔سکاکی کا مَا اور مَنْ کے متعلق کیا موقف ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۲)۔اگر کوئی پوچھے مَنْ جِبْرَئِیلُ یعنی أَبَشَرٌ هُوَ أَمْ مَلَكٌ أَمْ جِنِّيٌّ توجواب میں هُوَ مَلَكٌ کہنا درست ہے یانہیں اگر نہیں توکیوں؟

سوال:(۳۳)۔اَيٌّ کا استعمال کس فائدے کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۴)۔کَمْ ،کَیْفَ ،أَیْنَ ،مَتیٰ ،أَیَّانَ کے ذریعہ کس کس چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۵)۔اَنّیٰ کا استعمال کس کس معنی کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۶)۔کلمات استفہام اپنے معنی اصلی کے علاوہ اور کن کن فائدوں کے لیے استعمال ہوتے ہیں نام اور مثال کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۳۷)۔امر کی تعریف مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۸)۔امر کے لیے کن کن صیغوں کا استعمال کیا جاتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۳۹)۔امر کا صیغہ حقیقت میں کس چیز کے لیے وضع کیا گیا ہے؟

سوال:(۴۰)۔کبھی امر اپنے معنی اصلی سے عدول کر کے دوسرے معانی میں استعمال ہوتا ہے ان سب کے نام مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۱)۔اباحت اور تخییر میں کیا فرق ہے مع مثال بیان کریں۔

سوال:(۴۲)۔سکاکی کا امر کے استعمال کے متعلق کیا موقف ہے؟

سوال:(۴۳)۔سکاکی کا امر کے متعلق جو موقف ہے کیا وہ درست ہے یا نہیں اگر نہیں تو کیوں؟

سوال:(۴۴)۔نہی کی تعریف بیان کریں اور اس کے لیے کس حرف کا استعمال کرتے ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۵)۔لائے نہی معنی اصلی کے علاوہ کس معنی میں استعمال ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟.

سوال:(۴۶)۔انشاء کی کتنی قسموں کے بعد شرط کو مقدر ماننا جائز ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۴۷)۔انشاء کی ان مذکورہ قسموں کے بعد شرط مقدر ہے یا نہیں اس کے پہچاننے کا طریقہ کیا ہے؟

سوال:(۴۸)۔عرض کے بعد بھی شرط مقدر ہوتی ہے جیسے اَلَا تَنْزِلُ بِنَا تُصِبْ خَیْرًا اصل عبارت اِنْ تَنْزِلْ بِنَا تُصِبْ خَیْرًا ہے تو عرض کو مذکورہ بالا قسموں میں شمار کیوں نہیں کیا؟

سوال:(۴۹)۔کیا ان مذکورہ جگہوں کے علاوہ بھی شرط مقدر ہوتی ہے اگر ہوتی ہے تو مثال بھی بیان کریں؟

سوال:(۵۰)۔ندا کی تعریف اور اس کے کتنے حروف ہیں بیان کریں؟

سوال:(۵۱)۔حرف ندا اپنے معنی اصلی کے علاوہ اور کن فوائد کے لیے استعمال ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵۲)۔کیا جملہ خبریہ انشائیہ کے مقام پر استعمال ہوتا ہے یا نہیں اگر ہوتا ہے تو اس کے فوائد کیا ہیں مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵۳)۔دعا کا فائدہ مستقبل میں ہوتا ہے تو اس کے لیے مستقبل کا صیغہ ہونا چاہیے لیکن بجائے مستقبل کے ماضی کا صیغہ استعمال کرنا کن فوائد کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵۴)۔کبھی ظاہری امر کے بجائے جملہ خبریہ کا استعمال کس فائدے کے لیے ہوتا ہے مع مثال بیان کریں؟

سوال:(۵۵)۔تَحْفَظُ الدَّرْسَ کا استعمال اِحْفِظ الدَّرْسَ کی جگہ کس فائدے کے لیے ہوتا ہے؟

سوال:(۵٦)۔انشاء خبر کی طرح کیسے ہے؟